| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: ریاست اور حکومت (State and Government) | سبق کا نام: حکومت کے اجزا (Organs of Government) |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حکومت کے اعضا: مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ کے بارے میں بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- حکومت کسے کہتے ہیں؟
- حکومت اور ریاست میں فرق بیان کریں۔

ان کے جوابات سن کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ حکومت کے کام تین شعبے سرانجام دیتے ہیں۔ جن میں مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ شامل ہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ سے صفحہ نمبر 33 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں کہ مقننہ ایک ایسا ادارہ ہے جو قانون بنانے کا اختیار رکھتا ہے۔ اور بدلتے ہوئے حالات و واقعات کی روشنی میں پرانے قوانین میں بھی تبدیلی کرتی ہے۔
- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے مقننہ کے دو شعبوں کے نام لکھیں۔
  - ایوان بالا/سینٹ
  - ایوان زیریں/قومی اسمبلی
- **ایوانِ بالا:** تمام صوبوں کی نمائندگی کرتا ہے۔ پاکستان میں اس کے ممبران کی تعداد 104 ہے۔ ان کو قومی اور صوبائی اسمبلی کے نمائندے منتخب کرتے ہیں۔ ان ہی ممبران سے سینٹ کا چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین منتخب ہوتا ہے۔
- **ایوانِ زیریں:** قومی اسمبلی کو ایوان زیریں کہا جاتا ہے۔ یہ عام انتخاب کے نتیجے میں وفاقی سطح پر قائم ہونے والا قانون ساز ادارہ ہے۔ جس کے ارکان براہ راست عوام کے ووٹ سے منتخب ہوتے ہیں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس کی صدارت سپیکر یا ڈپٹی سپیکر کرتا ہے۔

- طلبہ کو قانون سازی کا طریقہ بتائیں کہ جب بھی کوئی نیا قانون بنانے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ تو بل کو پہلے قومی اسمبلی میں زیرِ بحث لایا جاتا ہے۔ ان ارکان کی منظوری کے بعد سینٹ اور پھر صدر کے پاس بل بھیجا جاتا ہے۔ صدر کی منظوری کے بعد یہ بل قانون بن جاتا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(2) کا سوال (ا) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

وفاقی مقننہ کے افعال کو اپنی کاپیوں پر لکھ کر لائیں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: ریاست اور حکومت (State and Government) | سبق کا نام: حکومت کے اجزا (Organs of Government) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حکومت کے اعضا: مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ کے بارے میں بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے قانون سازی کا طریقہ بنانے کے لیے کہیں۔ ان سے ایوانِ زیریں اور ایوانِ بالا کے بارے میں بھی پوچھیں۔

ان سے جوابات لیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ وفاقی انتظامیہ اور عدلیہ کے بارے میں پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 35 متن ''وفاقی انتظامیہ اور وفاقی عدلیہ'' کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو وفاقی انتظامیہ کے متعلق بتائیں۔
- یہ ادارہ مقننہ کے بنائے قوانین کا نفاذ اور ان پر عمل درآمد کراتا ہے۔
- انتظامیہ صدر، وزیر اعظم وزرائے اعلیٰ اور کابینہ پر مشتمل ہوتی ہے۔ صدر ملک یا ریاست کا سربراہ ہوتا ہے۔
وزیر اعظم وفاقی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے اور سارے صوبوں میں وزرائے اعلیٰ کو نامزد کرتا ہے۔ یہ ایک ایسا ادارہ ہے جو ملک کے انتظامی معاملات سنبھالتا ہے۔ جیسے تعلیم، صحت، ذرائع نقل و حمل اور سیر و سیاحت کے معاملات وغیرہ۔
- عدلیہ (Judiciary) انتظامیہ کے نافذ کیے گئے قوانین کو یقینی بنانے کے لیے کام کرتی ہے۔ یہ لوگوں کے حقوق کا تحفظ کرتے ہوئے انھیں انصاف فراہم کرتی ہے۔ قانون کو توڑنے والوں اور ان کی خلاف ورزی کرنے والوں کو عدلیہ سزا دینے کا اختیار رکھتی ہے۔ عدالتوں کے ذریعے سے عدلیہ مقدمات کی سماعت کرتی ہے۔
- پاکستان کی سب سے بڑی عدالت سپریم کورٹ آف پاکستان ہے۔ جو اسلام آباد میں واقع ہے۔ اس کا سربراہ چیف جسٹس آف پاکستان کہلاتا ہے۔ ملک کی تمام عدالتیں سپریم کورٹ کے ماتحت کام کرتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

سبق کے حوالے سے طلبہ سے سوالات کے جوابات پوچھیں۔


| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

ورک شیٹ حل کریں۔

# ورک شیٹ

20منٹ

سوال 1: دیے گئے شعبوں میں اُن کے افعال لکھیے۔



| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: ریاست اور حکومت (State and Government) | سبق کا نام: حکومت کے اجزا (Organs of Government) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اُصولوں اور قوانین کے مابین فرق کر سکیں کہ کس طرح اصول اور قوانین ملک میں سازگار سیاسی ماحول پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے صوبائی حکومت کے شعبوں سے متعلق سوالات کے جوابات پوچھیں۔

- مقننہ کا کام بتائیں؟
- پاکستان کی سب سے بڑی عدالت کون سی ہے؟

طلبہ سے جوابات لیں اور اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ اصولوں اور قوانین کے مابین پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 38 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- تختہ تحریر پر اصول اور قانون کی تعریف لکھیں۔ اصولوں سے مراد ایسی ہدایات ہیں جو لوگوں کے ایک ساتھ رہنے، زندگی گزارنے اور ان کی حفاظت میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔
- جب اصولوں کو قانونی حیثیت دی جاتی ہے تو وہ قانون کہلاتے ہیں۔ قوانین کی خلاف ورزی پر سزا دی جاتی ہے۔
- انھیں بتائیں کہ معاشرے میں امن و امان قائم رکھنے کے لیے کچھ اصول وضع کیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہمارے بڑے اکثر گھر سے باہر جاتے ہوئے ہمیں ہدایت دیتے ہیں کہ سڑک پر احتیاط سے چلیں۔ فٹ پاتھ کا استعمال کریں۔ یہ سڑک پر چلنے کے اصول ہیں۔ جب یہی اصول حکومت کی جانب سے ہر شہری کے لیے ایک سے ہوں تو وہ قانون کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔
- قانون سب کے لیے برابر ہے اور قانون کی پابندی کرنا ہر شہری کا فرض ہے۔ ان قوانین کو توڑنے والا سزا کا مستحق قرار پاتا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

متن کے حوالے سے مشق سے طلبہ سے سوالات کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔